سندھ آرڈیننس نمبرVI مجریہ 1981
SINDH ORDINANCE NO.VI OF 1981
سندھ سول کورٹس (ترمیم) آرڈیننس، 1981
THE SIND CIVIL COURTS (AMENDMENT) ORDINANCE, 1981

(CONTENTS) فہرست

(Preamble) تمہید

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short Title and commencement

۲۔ مغربی پاکستان آرڈیننس II مجریہ 1962 کی دفعہ 24 کی ترمیم

Substitution of section 7 of West Pakistan Ordinance II of 1962

۳۔ کورٹ کے ڈسٹرکٹ جج کی اصلی عدالتی کاروائی

Original Jurisdiction of the Court of District Judge

۴۔مغربی پاکستان آرڈیننس II مجریہ 1962 کی دفعہ 24 کی ترمیم

Amendment of section 24 of West Pakistan Ordinance II of 1962

۵۔ مقدمات کی منتقلی

Transfer of suits

۶۔ بمبئی ایکٹ VIII مجریہ 1926 اور صدارتی حکم نمبر 2 مجریہ 1956 کی منسوخی

Repeal of Bombay Act VII of 1926 and President Order No. 2 of 1956

سندھ آرڈیننس نمبرVI مجریہ 1981

SINDH ORDINANCE NO.VI OF 1981

سندھ سول کورٹس (ترمیم) آرڈیننس، 1981

THE SIND CIVIL COURTS (AMENDMENT) ORDINANCE, 1981

[5 اپریل 1981]

تمہید(Preamble)

آرڈیننس، جس سے سندھ سول کورٹس آرڈیننس، 1962 میں ترمیم اور سندھ کورٹس ایکٹ، 1926 اور کراچی کورٹس آرڈر 1956 کو منسوخ کیا جائے گا۔

جیسا کہ سندھ سول کورٹس آرڈیننس، 1962 کو مندرجہ ذیل طریقے سے تبدیل کیا جائے گا۔ اور سندھ کورٹ ایکٹ 1926 اور کراچی کورٹس آرڈر 1956 کو منسوخ کیا جائے۔

مختصر عنوان اور شروعات
Short Title and commencement

لہذا 5 جولائی 1977 کے حکم اور حکم برائے قوانین (نفاذ اور تسلسل) اور 1977 کے تعمیل میں گورنر سندھ بخوشی اس آرڈیننس کو بنا کر نافذ فرماتا ہے۔

یہ اس طرح نافذ کیا جا رہا ہے۔

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو سندھ سول کورٹس (ترمیم) آرڈیننس، 1981 کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

مغربی پاکستان آرڈیننس II مجریہ 1962 کی دفعہ 24 کی ترمیم
Substitution of section 7 of West Pakistan Ordinance II of 1962

۲۔ سندھ سول کورٹس آرڈیننس، 1962 جس کو اس کے بعد بھی آرڈیننس کہا جائیگا، اس کے دفعہ 7 کا مندرجہ طریقے سے متبادل بنایا جائے گا؛

کورٹ کے ڈسٹرکٹ جج کی اصلی عدالتی کاروائی
Original Jurisdiction of the Court of District Judge

"7. رائج الوقت قانون کے مطابق دیوانی کیسز اور کاروائی کے لئے ڈسترکٹ جج کے دائرہ اختیار میں کوئی ویلیو لمٹ نہیں ہوگی ماسوائے کراچی ڈسٹرکٹ کی جہاں دیوانی مقدمات اور کارائیوں کے لئے ہائی کورٹ میں ایک لاکھ سے اوپر ویلیو پر کاروائی ہوگی۔"

مغربی پاکستان آرڈیننس II مجریہ 1962 کی دفعہ

۳۔ اس آرڈیننس کی دفعہ 24 میں۔

24 کی ترمیم
Amendment of section 24 of West Pakistan Ordinance II of 1962

(a) جہاں جہاں الفاظ "پچاس ہزار روپے" استعمال ہوئے ہیں اس کی جگہ "ایک لاکھ" کو اس کا متبادل بنایا جائے گا۔

(b) ذیلی دفعہ 2 کی شق (a) میں الفاظ "ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرمیں سنا جائے گا" کو حذف کیا جائے گا۔

مقدمات کی منتقلی
Transfer of suits

۴۔ اس آرڈیننس کے نفاذ سے ساتھ ہائی کورٹ میں زیر التوا تمام اصل مقدمات اور کاروائیاں جن کی ویلیو ایک لاکھ سے تجاوز نہ کرتی ہو، ڈسٹرکٹ جج کراچی کی عدالت کو منتقل کئے جائیں گے۔

بمبئی ایکٹ VIII مجریہ 1926 اور صدارتی حکم نمبر 2 مجریہ 1956 کی منسوخی
Repeal of Bombay Act VII of 1926 and President Order No. 2 of 1956

۵۔ کراچی پر لاگو ہونے والا سندھ کورٹس ایکٹ، 1926اور کراچی کورٹس آرڈر، 1956 کو منسوخ کیا جاتا ہے۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔